سوال

(226) بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید اپنے بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح کر سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید اپنے بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتا اپنے بھانجے کی لڑکی کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے اس لیے کہ بھانجے کی لڑکی بنات الاخت میں داخل ہے اور بنات الاخت کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

حُرِّمَت عَلَيكُم أُمَّهـٰتُكُم وَبَناتُكُم وَأَخَو‌ٰتُكُم وَعَمّـٰتُكُم وَخـٰلـٰتُكُم وَبَناتُ الأَخِ وَبَناتُ الأُختِ ... ٢٣ سورة النساء

(حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں) کتبہ : محمد عبداللہ (16/ربیع الثانی 1335ھ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ:418

محدث فتویٰ